علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: کورس: عربی زبان وادب II(5620)

سمسٹر: بہار2026ء

سطح: ایم اے (اُردو)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلق بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

ڈاکٹر عبدالمجید بغدادی

کورس رابطہ کار-5620

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ: 1تا5)

سوال نمبر:۱ قرآن کے اعجاز اور انداز بیان کی سحر طرازی پر بحث کیجئے، عربی زبان ولغت پر قرآن کے تقدس کی چھاپ کے بارے میں اپنے خیالات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر:۲ قرآن کریم کے موضوعات اور ان کی تعلیمات پر بحث کیجئے، مکی اور مدنی سورتوں کے بارے میں بھی لکھئے۔ (20)

سوال نمبر:۳ ”م“ سے شروع ہونے والے دس قرآنی محاورات مع اُردو معانی و تشریحات خوشخط لکھیے۔ (20)

سوال نمبر:۴ ”ہ“ سے شروع ہونے والے دس قرآنی محاورات لکھیے جو اُردو زبان میں استعمال ہوتے ہوں، ان کی سلیس اُردو بھی لکھیے۔ (20)

سوال نمبر:۵ نبی کریم ﷺ کی ذات وصفات کے آگے ایک مؤمن کا رویہ کیا ہونا چاہیے؟ آپ ﷺ کی مجلس کے آداب کیا ہیں؟ آپ ﷺ کے اقوال وافعال کے سامنے احتراماً واتباعاً کیا ملحوظ خاطر ہونا چاہئے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر:۱ حدیث کسے کہتے ہیں؟ سنت اور حدیث میں کیا فرق ہے؟ ”مدرک بالقیاس“ سے کیا مراد ہے؟ (20)

سوال نمبر:۲ بنی نوع انسان کی تخلیق سے متعلق تین اہم اصولی حقیقتیں بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر:۳ اُردو زبان وادب کو اسلوبِ حدیث سے کیا تقویت ملی؟ احادیث کے مضامین اُردو میں کس طرح شامل ہوئے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر:۴ روایتِ حدیث میں سند واسناد کو کیا درجہ حاصل ہے؟ اسنادِ حدیث کی تاریخ بھی لکھیے۔ (20)

سوال نمبر:۵ غیبت اور گالی گلوچ سے اجتناب کیوں ضروری ہے؟ اس سے متعلق تین احادیث مع ترجمہ و تشریح لکھیے اور ہر حدیث کی حکمت پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)